فلک پر مہر و مہ کیطرح رہتا ہی دماغ انکا	کیا جن نا قلون نے گردشون سے سیم و زر پیدا
کرونہین الجنون بی یار کبتک چاک پیراہن	کہین ہو دامن شب سے گریبانِ سحر پیدا
بلاکے پیچھے پیچھے ہے دلا فضلِ الہی بھی	کہ جیسے تیغ ماہِ نو سے ہوتی ہی سپر پیدا
تو ایسا سر بسیم اندام ہی جو لوگ کہتے ہین	ہوا ہی باغِ عالم مین یہ چاندیکا شجر پیدا
تپ فرقت نے آگ ایسی لگائی میرے اعضا مین	عرق کی بدلی ہوتی ہین مسامونسے شرر پیدا
ملے ہین مجکو مضمون آپکی شیرین ادائی کے	عجب کیا ہے زمین شعر سے ہون نیشکر پیدا
خدا واسطے ان بتونکو بھی یہی نسبت ہی ای زاہد	ضیائے شمس سے ہو جسطرح نورِ قمر پیدا

ولہ

زاہدا حاجت روا ہو جا کسی محتاج کا
کل نہ تو ناکام ہوگا کام کرلے آج کا

جنکی ہمت ہو بلند اونکو تعجب کچھ نہیں
پست فطرت جو کہ ہو قائل ہو کیا معراج کا

ایک یہ شق القمر کیا وہ صنم چاہے اگر
اوسکے گیسو کیلیئے بنجاے شانہ عاج کا

کر رہا ہے انتظام ملک دل سلطان عشق
ہوگیا ہے حکم عقل و ہوش کے اخراج کا

تجھسے کیا نسبت کہ ہین خط شعاع جا بجا تیر
صاف ہو خورشید مین نقشہ ترے آماج کا

کوئی دم فرصت جسے ملجاتے سمجھے مغتنم
رہگیا بس جسنے رکھا کام کل پر آج کا

ملک و دریا رہگئے اکثر ہوئے دونون فنا
ایکسا عالم نظر آیا حباب و تاج کا

چشم تر سے عشق ابرو مین ملے آتے ہین اشک
قافلہ گویا سمندر مین رواں ہے حاج کا

دل تو ہے وحدت سرا داغ محبت ہو چراغ
چاہیے اسکو فتیلہ پنبہ حلاج کا

رات کو ہوتی ہو جیسے ماہ یکشنبہ کی سیر
یون نظر آیا تری زلفون مین شانہ عاج کا

ملگیا ہے عشق کا آزار قسمت سے مجھے
ہون جو عیسی بھی ارادہ ہو نہ استعلاج کا

استرے سے کردے ابروے جانان کیا درست
مرتبہ حاصل ہوا حجام کو حجاج کا

تیرے دانتونکو جو دیکھا ہوگئے ہیرے سفید
زرد ہے کان ملاحت رنگ ہو پکھراج کا

بند کر راہ قضا غافل یہ کیا کرتا ہے حکم
گرد خیمہ ہو طلایہ رات دن افواج کا

ناسخ اوس بحر لطافت کی جو ہین مداح ہم
عالم اپنے طبع کا ہے قلزم مواج کا

صبح فرقت نے دکھایا روز سیارا شام کا
آفتاب صبح کو سمجھا مین تارا شام کا

[illegible]

جسطرح باغمین رُتہ سہاہے یون ہین جنگاہین
نظر آتا نہین کچھ ہو گئی ہے گور گھٹا

دم نجو دصور قیامت جو ہونا لان ہوئین
پر یہ چپ رہتی نہین ہے بڑی منہ زور گھٹا

دہُوان بال ہوایان دِل پہ داغ گو ومید
رقص کرتے ہین اگر دیکھتے ہین مور گھٹا

ناتوانی ہوئی ذرات کے غم کہانسے
جسقدر بھوک بڑھی اور ہرا زور گھٹا

خم برسات مین اس درجہ ہوا جوشِ شراب
ہو گئی بادۂ گلگون سی فیرا بور گھٹا

لازم اُس مُنہ کی سواری مین گھٹا تو ہے بھی
نہ بھگو دے تری سکھپال کا سب تو ڑ گھٹا

وله

عالِم بالا بھی تجھپر مبتلا ہو جائے گا
رفتہ رفتہ وہ سہی بالا بلا ہو جائیگا

دُھوپ تو کیا چاندنی پڑ جائیگی تجھپر اگر
گورا گورا جسم نازک سانولا ہو جائیگا

ذبح کرنے کو اگر تم مستعد ہو جاؤ گی
جوہرا جزو بدن ہے وہ گلا ہو جائیگا

تو لگاے گا جو قاتل سُرمۂ دنبالہ دار
تیری شمشیرِ نگہ کو پر تلا ہو جائیگا

تو وہ یوسف ہے کہ تجھپر کیا بشر دیوانے ہین
گرگ دیکھیگا تو کُتا باؤلا ہو جائیگا

رات دن غافل بدونسی ہی کیا کر نیکیان
کیا بُرا ہے اسمین کچھ تیرا بھلا ہو جائیگا

موتیون کا ہار کر دے گا پسینا آپ کا
یہ معطر موتیون کا پر تلا ہو جائیگا

ہے یوہی ترکِ ہوا ہمکو اگر اے فلسفی
ثابت اپنے عالمِ دل مین خلا ہو جائیگا

گرمیِ رخسار سے بیمار ہو گی چشمِ یار
دھوپ کی شدت سے آہو کا ملا ہو جائیگا

[illegible]

وله

[illegible]

۳۹

[illegible]

وله

[illegible]

جب خوشی آئی مرے دل مین اوسے غم کر دیا
کیا ہنسی کی جا ہے ہوتی ہے جو رو دینا ہو پھر
بحر مین گل کو بھی گویا ہنسی شبنم کر دیا
رات کٹتی ہے تو بڑھتا ہے فروغ آفتاب
حسن رخ چمکا جو اوس نے زلف کو کم کر دیا
یہ دل نالان یہ ہے مانند شانہ چاک چاک
قتل زلف اوس نے فراق یار برہم کر دیا
ماہ کنعان ماہ کنعان ایسے خجالت سے ہوا
چشمہ خورشید کو بھی تو نے شبنم کر دیا
قبضہ مالک کا فرشتونکو ہوا رضوان [illegible]

کیا فراق یار کو آتے ہین جور انقلاب
نفرت دل کو بھی جل اور [illegible] غم کر دیا
سامنے آیا وہ گل [illegible] رونا دیکھا
[illegible] شبنم کر دیا
[illegible] سے گریبان چیا [illegible] راحت [illegible]
[illegible] کوئی آیا سر [illegible] کام کر دیا
ساقیا تو وضع کیا ہی باکیفیت اپنی بزم مین
[illegible] بخشش سے تو حاتم کو بھی حاتم کر دیا
انگلیون [illegible] مین اسے سلیمان بیان

ہی بجا یہ دونون لفظونکا مقام ابرو پاس	پیش ازین کعبے مین بھی تھا ایک جوڑا سانپ کا
غیر کو ہے مضحکہ مجکو جو ہے سودا زلف	شکل ضحاک اوسکو شانونمین ہو جوڑا سانپ کا
دیکھ کر چوٹی کو اڑتی تک جو بل کھانی لگا	سنگ پا یار سے سر پیٹے توڑا سانپ کا
اوس پری پیکر کو گیسو کی عشق مین بیمار ہون	چاہیے میری دوا مین زہر تھوڑا سانپ کا
زلف کا سودا ہو ہے جنگل کی پھرتا ہون سیر	اژدہے کی ہو سواری اور کوڑا سانپ کا
یا سمن گاو نہیں چار ونکی چار وست ہین	آنکھین ہین بھنور یکا جوڑا زلفین ہو جوڑا سانپ کا
ہوگیا رنجور تیری زلف پیچان دیکھکر	زہر کا چھالا بنا ہے ایک جوڑا سانپ کا
کیا کوئی سوزی ہے تیرے سامنے اژدہا [illegible]	رخش رستم کیطرح قاتل ہے جوڑا سانپ کا

بولے وہ مل دل کے ہیر دل کو اپنی زلفین
خوش ہوا ے ناسخ پھپھولا ہینے پھوڑا سانپ کا

ملکے مسی ربتہ دانتون کا بہت کم کر دیا	کیا غضب تونے کیا ہیرے کو نیلم کر دیا
کیا شہری اوسکی رنگت ہو کہ سونا گرد ہے	سامنے جب آگیا دینار و درہم کر دیا
کوئی کیا جانے کھلاڑی ہو کھیلتے ہو کیسے تم	بارہا اس گنجفے کو تم نے برہم کر دیا
زیست بی نظارہ یارب یکدم ممکن نہیں	اوس پری رو کے بدن کو جان آدم کر دیا
بارہا اوس سیکشش خود بنے ہین میرے ساتھی	آئینہ کو تو سکندر جام کو جم کر دیا
گردن ساقی کے آگے بار ہا محفل مین رات	گردن مینائے مے کو شرم نے خم کر دیا
مے پرستو اپنے ساقی کے تعرف دیکھنا	خیز کو رستم کیا ممسک کو حاتم کر دیا

دیوان [illegible] بہم

[illegible]

ولہ

[illegible]

ہر شب تب نہ تم اے جانِ آتی ہو نہ صبح
ہو گیا ہے ایک سا غمزہ تمہارا صبح کا

یہ غزل وہ ہے کہ نقطہ صبح مین ہے نور صبح
ہو گیا ہے صبح کا نقطہ ستارہ صبح کا

دور ہے صبح شبِ تب شبِ فرقت دراز
غیر خورشیدِ قیامت کب ہے تارا صبح کا

زندگی کرتی ہے کوتاہی شبِ تب دراز
حشر پر ہو تو ن رکھتا ہون نظارہ صبح کا

وصل کا مین خطِ رات اوٹھاکر ہو چلا مین سفید
بولے ہوتا ہے سفیدہ آشکارا صبح کا

ہولناک ایسی شبِ تارہ جدائی ہے کہ بس
ہو سکے باہر افق سے کب ہے تارا صبح کا

ہوگئی آخر شبِ فرقت مین آخر زندگی
عہد پیری مین کیا آخر نظارا صبح کا

لے کے تیغِ آفتاب آئی ہمارے قتل کو
ظلم ناسخ ہو گیا ہے آشکارا صبح کا

رات آئی تری فرقت مین جو اے یار گھٹا
میری آنکھوں کی طرح ہو گئی خونبار گھٹا

چاہیے پانی کے بدلے ہو شرر بار گھٹا
دودِ آہِ دلِ سوزان ہے دھوان دھار گھٹا

جاتی شبنم یہ بھی اشک مری حالت پر
بن گئی ہے شبِ فرقت کی شبِ تار گھٹا

ہجر مین بجلی کی تلوار دکھاتی ہے مجھے
آج مانند فلک ہو گئی خونخوار گھٹا

جانب رحمتِ حق دھیان ہے بس رند و نکا
شاد ہو جاتے ہین کیا دیکھکے میخوار گھٹا

ہوش بدمستو نکی جاتے ہین پے استقبال
جاتی ہے طرفِ خانۂ خمار گھٹا

اے پری رو ہے ترے کان کی بجلی بجلی
نظر آتی ہین ترے گیسوئے خمدار گھٹا

روے روشن ہے وہی ہو گئی گو زلف دراز
بڑھ گئی رات مگر دن نہین لے نہار گھٹا

ولہ

رفتار میں اور رنگ سلیمان ہے یہ گھوڑا
پر سیرت و خلقت میں تو انسان ہے گھوڑا

سلطانِ جہانگی یہ سواری کا اثر ہے
ہے ابلقِ ایام بدن جان ہے یہ گھوڑا

چمکاتی ہے جاتا ہے زمین جو فلک پر
سب کہتے ہیں خورشید درخشان ہے یہ گھوڑا

ہے جلوہ تماشائے جیلان چاند کی مانند
رتبہ میں فلک سے بھی دوچندان ہے یہ گھوڑا

گردن یہ بلند اوسکی ہے گلشن میں جو گھوڑا
قمری نے کہا سروِ خرامان ہے یہ گھوڑا

جو حکم کیا شاہِ جہان نے وہین سمجھا
انسان کے مانند سخندان ہے یہ گھوڑا

فیروزہ جسے نامِ مبارک تو بجا ہے
لاریب نگینِ مُہرِ سلیمان ہے یہ گھوڑا

آتا ہے پسینا جو اوسے آبِ بقا کی
حیوان ہے تو چشمۂ حیوان ہے یہ گھوڑا

ایسا ہے بدن صاف کہ لوٹا جو زمین پر
سب کہنے لگے گوہرِ غلطان ہے یہ گھوڑا

کہتے جو اسے برقِ تجلی تو بجا ہے
نعلون سے ہمیشہ شرر افشان ہے یہ گھوڑا

یہ دامنِ زین میں شبنم ہیں پری کے
مانند پری صاف نمایان ہے یہ گھوڑا

بر چھپے ہیں اگر اسکی جلو میں تو بجا ہے
کچھ شبہہ نہیں شیر نیستان ہے یہ گھوڑا

تابع ہے یہ ہیں رشکِ فلک شاہِ جہان کی
جس طرح سدا تابعِ فرمان ہے یہ گھوڑا

ہے شاہ جہان کی نظرِ لطف جو اسپر
آفاق میں سب گھوڑونکا سلطان ہے یہ گھوڑا

رکھتا ہے قدم فخر سے اب چرخ بریں پر
سلطانِ جہان کے جو ثنا خوان ہے یہ گھوڑا

کافی ہے فقط نقل آتی کا اشارہ
ناسخ کی طرح تابعِ فرمان ہے گھوڑا

ولہ

گہی زر کی جگہ دل میں خرابہ ہو گیا
بیشتر جس جا خزانہ تھا خرابہ ہو گیا

ولہ

ولہ

مری آنکھوں سے کیا نسبت کہ قطرہ آب نیساں کا / دُرِ نایاب ہو سکتا ہے آنسو ہو نہیں سکتا

بنا گو سجدہ گاہِ اہلِ ایمان طاق کعبہ کا / مگر حاصل مقام طاق ابرو ہو نہیں سکتا

گدائی کوچہ کیا درویشِ صحرا گرد کی آگے / کوئی کتا کبھی وحشت سے آہو ہو نہیں سکتا

کمال اے ماہِ کامل تو نے گو پیدا کیا لیکن / ہلال عید ہو سکتا ہے ابرو ہو نہیں سکتا

ہو سارے بدن کا کر دیا ہے خشک فرقت نے / مگر اے آہ تجھسے خشک آنسو ہو نہیں سکتا

کرے کیا استفادہ اوسکو استعداد لازم ہے / کہ برگ شاخ گلبن گل سے خوشبو ہو نہیں سکتا

نزاکت شاخ گل میں ہے کہاں اس گلبدن کی تھوڑی / کوئی گلبرگ بھی تعویذ بازو ہو نہیں سکتا

ہوا اس آتش کے پرکالہ کی فرقت ایکی جارہین / سوائے داغ حسرت گرم پہلو ہو نہیں سکتا

جدا و پہلو نشین تو گر گیا پہلو تہی ہمسے / جدا پہلو سے دم بھر دل و پہلو ہو نہیں سکتا

ہوا جو خود نما اس باغ میں جلدی فنا ہوگا / قیام رنگِ گل تا ہستی بو ہو نہیں سکتا

ردیف بای موحدہ

ساقیا دے مجھے شتاب شراب / کب سے کرتا ہوں میں شراب شراب

ہجر میں آگ ہو گیا پانی / دلکو کر دیتی ہے کباب شراب

ہیں قلوب اوس کے نور سے روشن / کیوں نہ دکھلائے آفتاب شراب

ہے سزاوار عیش آخر عمر / صبح پیری ہے آفتاب شراب

ہے مرا جام زندگی لبریز / ساتھ اپنے پئیں جناب شراب

مست ہوں دیوانہ بھی ہوں سنگِ طفلاں بھی
غم نہیں سر کا کہیں ٹوٹے نہ مینائے شراب

ساغرِ داغِ جنوں سے مست میں دیوانہ ہوں
کیا خراباتِ جہاں میں مجکو پروائے شراب

میں بھی دستِ سبو شکل خم ٹکڑی ہوں آج
ہے غضب میرا لہو رہیگا بجاے شراب

مجھسے کب اے محتسب ڈرتے ہیں ہم سر فروش
کر رہے ہیں ہم سر بازار سودائے شراب

ہجر ساقی میں ہے ایسا شورِ بختی کا اثر
سرکہ ہو جاے جو میری بزم میں آئے شراب

ہو گیا لبریز اے ناسخ پیالہ عمر کا
فرقتِ ساقی میں ہے کسکو تمنائے شراب

تمہارے خلد میں ہے یا سقر میں جوے شراب
کہ واعظا کروں محشر میں جستجوے شراب

موا ہوں خاک پر اتنک ہے جستجوے شراب
دعاے روح ہے پھوٹے کوئی سبوے شراب

نہ پائیں زاہدا بے آبرو شراب کہیں
نہ اپنے ہاتھ کہیں کھوئیں آبروے شراب

بدن شراب کشی سے خمِ شراب بنا
ہے اپنی روح بدن میں برنگِ بوے شراب

جو ناگوار نہ تلخی ہو مہرِ کیفیت
ملی ہے عشق کو اس میکدے میں خوے شراب

نظر حرام ہے کہتے ہیں دخترِ رز ہے
سواے مغبچہ دیکھا نہ ہمنے روے شراب

حضور پھول کے برگِ شجر ہوں کب سبز
بھلا ہے بنگ کی کیا قدر روبروے شراب

شراب خوار وہ شیریں دہن ہے او فرہاد
منگائیگا عوض جوے شیر جوے شراب

برنگِ جام ہو پھٹیں آنکھیں ساقیا پر خون
ترے فراق میں دیکھا جو میں نے سوے شراب

حساب اب یہی ہے کون جائے مسجد میں
شراب خانوں میں ہاتھ آئی ہے سبوے شراب

ردیف باے فارسی

دیوانِ ناسخ ۹۵

کہا کب آتشِ فرقت سے جلایا تو نے
خار نہ برہے ہیش گل تقدیر عبث
دونوں عالم میں اگر نہیں شعبدہ باز
نہیں آتا جو وہ خورشید مرے گھر میں
کچھ شکایت نہیں عشقِ کمرِ نازک کی
او وجود چمن آرائے ازل کے منکر
سرخ پوشاک پہن کر وہ سہی قد جو گیا
زلف کو چھو کے پڑا ہے جو بلا میں اے دل
کچھ تیرے تیغِ جفا کی نہیں تقصیر اے گل
غیر کا منھ ہے کہ لے بوسے ترے او ظالم
نالہ کش مثلِ جرس کیوں ہے عبث اے مجنوں

ہیں مرے نالۂ دل عاشقِ آپ سے آپ
وقت پر باغ میں آتی ہے بہار آپ سے آپ
جمع کیونکر ہوئے اضداد دچار آپ سے آپ
صبح ہو جائیگی آخر شبِ تار آپ سے آپ
ہو گیا ہوں میں صنم زار آپ سے آپ
خود بخود گل ہوئے موجود نہ خار آپ سے آپ
جل اٹھے سرو چمن مثلِ چنار آپ سے آپ
کاٹ کھاتا ہے کسیکو کوئی مار آپ سے آپ
صورتِ غنچہ مرا دل ہے فگار آپ سے آپ
نیل گوں ہو گئے ہوں گے یہ عذار آپ سے آپ
صبر کر آئے گی جمازہ سوار آپ سے آپ

ولہ

جلوۂ رخسارِ جاناں سے نکل آتی ہے دھوپ
کیا شبِ وصلِ صنم کی چاندنی آتی ہے یاد
وصل کی شب صبح ہوتی ہی بندھا آنکھوں کا تار
وصل کی شب بختِ بد اپنا دکھاتا ہے کمال

وصل کی شب پھر ویرانہ میں ہو جاتی ہے دھوپ
روزِ فرقت جب مری بوار پر آتی ہے دھوپ
پیشِ ابرِ چشمِ تر بارش میں چھپ جاتی ہے دھوپ
میرے گھر میں چاندنی آ جاتی ہے بن جاتی ہے دھوپ

حقا کہ با عقوبتِ دوزخ برابر است رفتن بپای مردی ہمسایہ در بہشت

وله

شب دیکھے کسطور سے ہو وصل ہو کیونکر
اس ڈر سے کہ پژمردہ نہو جائے کہین پھول
بکلر شب تاریک مین داغو نسے جو بچا ہا
ہین سر صنوبر جو جلین دھوپ مین دن بھر
ہی تیرے تصور سے مری قبر بھی روشن
کیا پردے سے باہر نکل آیا ہے وہ خورشید

زر پر تو اڑی غیرِ لبِ بام اڑی دھوپ
چھپ جائے جو دیکھے تری پھونکی جھڑی دھوپ
اک خلق مرے سامنے کھاتی ہی کھڑی دھوپ
وہ سروِ روان آ نہ سکے اک گھڑی دھوپ
ای مہرِ جہان تاب مری ساتھ گری دھوپ
خلقت چلی جاتی ہے بڑی آج پڑی دھوپ

ردیف تای فوقانی

غمخانہ تری یاد مین ہی سیم بر بہشت
غلمان و حوریان ہین تصور مین بیشمار
جاتی ہو راہِ راست کو تم چھوڑ کر کدھر
جلکر سموم نالۂ دل سے کرونین خشک
فرقت مین مجکو دوزخِ غربت قبول ہے
بنت العنب ہی حور تو غلمان ہین مغبچے
ای حور جاؤ نہین تری دروازے سے کہان
آنا ترا محال ہے کیسا جواب خط
دنیا مین لاکھ سعی سے پایا نہ ایک باغ
تیری گلی کی راہ چلا ہون کئی قدم

زہرِ غمِ فراق فری مین ہی در بہشت
ہے رو برو سے وسعتِ دل مختصر بہشت
ای گمرہو ادھر ہے سقر اور ادھر بہشت
رکھتا ہے خوب نہرونسے گلہا ئی تر بہشت
کیا کام اگر وطن مین ہی ہر رہگذر بہشت
زاہد مجھے ہین بادہ فروشونکی گھر بہشت
دوزخ تمام شہر ہے تیرا ہی گھر بہشت
کوچہ ہے میرے حور کا ای نامہ بر بہشت
ملنا نہ سہل جان تو اے بیخبر بہشت
مشتاق کیون نہ میری قدم کا ہو در بہشت

کیا بھری رہتی ہے مدام شراب	خم کے مانند ہے ہمارا پیٹ
پہنے کرتی اگر وہ جالی کی	کرے ہر حلقہ کو ستارا پیٹ
گو وہ رعنا غزال ہے لیکن	نرم ہے مثل شیر سارا پیٹ
تیری ہی فکر رہتی ہے دن رات	جیتے جی تو نے مجھکو مارا پیٹ
دیکھکر ایک بار پیٹ اوس کا	کہہ رہا ہون دکھا دو بارا پیٹ
جی مین ہے رکھکے سر مین سو جاؤن	تکیہ مخمل کا ہے تمھارا پیٹ
زیست بھر پی شراب اے ساقی	نہ بھرا ایک دن ہمارا پیٹ
عکس ابرو و چشم جانان سے	ہوگیا صاف چاند تارا پیٹ
ہیضہ دشمن کو کوس رحلت ہو	جلد ہو پھول کر نقارہ پیٹ
آپ کی ناف مشک نافہ ہے	اور کافور کا ہے سارا پیٹ

ضو رخورشید ہے جو اے **ناسخ**
کرنے دیتا نہین نظارا پیٹ ٭

ردیف ثای مثلثہ

ہے جدائی دشمنِ جان الغیاث	الغیاث اے وصلِ جانان الغیاث
تنگ نامردون کے جور سے ہون مین	الغیاث اے شاہِ مردان الغیاث
تاکجا اعدا کی گیدڑ کی بھبکیان	الغیاث اے شاہ یزدان الغیاث

ہے غضب تاریکی شب ہاے ہجر
الغیاث اے روے تابان الغیاث
پیچ مین ہون اے پریشانی زلف [illegible]
الغیاث اے زلف پیچان الغیاث
[illegible] اے ابر جان [illegible]
الغیاث اے [illegible] الغیاث
[illegible] عنبر [illegible] ہجران سے ہون مین
الغیاث اے [illegible] الغیاث
ہے [illegible] نامسلمان ہین
الغیاث اے ہیچ مسلمان الغیاث
خواب مین بھی اب وہ مہر جان ہوئی
الغیاث اے کس خواہان ہون الغیاث
حلق پر ہے جان کی خاطر جان الغیاث
الغیاث اے خاطر جانان الغیاث
وادی ... خضر ... ہون مین
الغیاث اے ... بیابان الغیاث
تنگ دل ہین ... الغیاث
الغیاث اے ... قرآن الغیاث
باہجر مین دوزخ ہوا مجھکو جہان
الغیاث اے باغ رضوان الغیاث
فرط امید سے ناسخ خشک ہے
الغیاث اے ابر احسان الغیاث

دیوان ناسخ جلد دوم ۱۷۴

ولہ

وہ نہین پیش نظر ہین دیدہ بینا عبث
وہ نہین سینہ بہ سینہ ہے مرا سینہ عبث
[illegible]

فصل

ہم نشین مینا ایک قطرہ نہین [illegible]
[illegible]

فصل گل جبتک ہو رہنے دی برنگ گل ہو	میری چاک پیرہن ناصح تو سینا عبث
میری قسمت مین وصال اونکو نصیب ہین فراق	کیا قصور اسمین ہوا غیرونکو ہر کینا عبث
شیشۂ مے مینے جانان ہو ساغر چشم	میری محفل مین ہو ساقی ساغر و مینا عبث
ترک گردون مین جو نظارہ تبونکا و غلط	کیا کیسے پیدا خدا نے دیدۂ بینا عبث

ردیف جیم عربی

کرتا نہین مرے دل افگار کا علاج	ہردم ہے زخم روزن دیوار کا علاج
موقوف ہے حنوط کی کافور پر لا	مجروح تیغ ابروی خمدار کا علاج
اوس رشک گل کو طب مین مہارت ہر اسقدر	چاہے کرے وہ نرگس بیمار کا علاج

ولہ

سانپ لہراتے ہین کہتین نہین آثار موج	کف نہین دریا مین پھیلا ہے یہ ہر بار موج
لطمہ زن دریا مے ہے ست ہاین پھر جنگ	کھل گئی دستار زاہد صورت دستار موج
اے صنم تجھکو کیا اللہ نے دریای حسن	مثل دریا چاہیے زیب کمر زنار موج
تیرے دریا مین جو یاد آتی ہر اوس کافر کی زلف	کاٹنے کو دوڑتی ہین میری جانب مار موج
دھوئے بال اوس نے جو دریا مین تمام حباب	بن گیا تا تار بے مشک سے ہر تار موج
بنگیا ہے پرتو عارض سے ہر لالہ کنول	عکس گیسوے ہوا تالاب سنبل زار موج

اشہب خونین مین ہین غلطان تو وہ سیلاب مین
ہون خوش طالع مری جانب ہے تقدیر نہنگ
سیل اشک آنکھونکی باہر ضبط سی آتا نہین

کیا مشابہ ہی مری تقدیر سے تقدیر موج
ہو اگر دریا ہی آفت خیز مین تاخیر موج
پنجۂ مژگان تر رہتے ہین دامنگیر موج

سوز غم سے آتش عالکردہ ہی سیلاب اشک
ہے بزنگ شعلہ ناسخ اندنون تنویر موج

ہے نگاہ و ابرو و مژگان چشم یار کج
کیا ہی منہ کرتا ہی ٹیڑھا دیکھتا ہی جب مجھے
خیریت چاہے تو سیدھی چال چل دمال مست
کج ادائی یار کی مجکو گوارا ہے دلا
وہ گئی دن جو ہمیشہ مجسے سیدھی آنکھ تھی
پھر گئے بندی تو برگشتہ نہو کیونکر خدا
راستی کا نام بھی اس شہر مین سنتے نہین
ہین کجی مین ہردم کج طبع بھی کتتے کی دم
مجھو نہین کیون بل ڈالتے ہو مجکو ایجان جھکا
پڑگئی گلشن مین جوا ی گل ترمی ٹیڑی نگاہ
ہے سادی اہل دنیا کی کجی و راستی
تانے ہے دنرات سر جنگ حوادث آسمان

فوج کج مجسے نہو کیونکر کہ ہی سردار کج
کردی یارب روی دشمن لقوے کا آزار کج
گرتے ہین نشے مین جلتے ہین اگر میخوار کج
پر غضب یہ ہی کہ اب رہنے لگے اغیار کج
جب نہ تب مین اٹھو پاتا ہون نگاہ یار کج
دیکھی مسمار خانہ ہاے خلق سے سوار کج
کیون نہون سب لکھنؤ کے کوچہ بازار کج
رہت اونکو کیجئے سو بار ہون سو بار کج
کیا ہی قیمت جو ہو جاے کوئی تلوار کج
ہو گئی ہر ایک شاخ نرگس بیمار کج
راست ہین ہمسے اگر دو چار تو دو چار کج
سر پھرا ہے سرکشو رکھتے ہو کیون دستار کج

ردیف جیم فارسی

یاں جوش خوں ہو میرے تماشا یکی گو
موسیٰ کہ بے خلل یہی تا زندگی ہا
آزار رشتہ ہو تو شفا کی امید ہو
جز مشت خاک اور نہیں خاک پیشو
زلفوں کو کیوں نہ ربط ہو رخسار یار سے

کرتے نہ نشتر لب سوفار کا علاج
عیسیٰ سے کیا ہو لکنت دلدار کا علاج
مشکل ہے عشق رشتۂ زنار کا علاج
رحم نہاں واعظ ستمگار کا علاج
ہر ذرہ آفتاب سے ہو مار کا علاج

منگوا دو جائے خاک شفا خاک کوئے یار
منظور ہے جو ناسخ بیمار کا علاج

ترے گال پہ واری چاند سورج
نہیں ہیں احمد و حیدر کہ حق نے
ہوا ہے شق و رجعت سے یہ ر
تم ایسے دونوں بھائی ہو کہ دنیا
تم ایسے نور خالق ہو کہ تم سے
نبوت کا جو احمد آسمان ہے
نہیں آئینہ میں روئے نرتی ناک
تصور میں جو ہے وہ روئے پرنور
تری نوبت ہو ساری سیم و زر کی
رواق چرخ سے کرتے ہیں نرات

کہاں ایسے ہیں پیارے چاند سورج
فلک پر سے اتارے چاند سورج
سمجھتے ہیں اشارے چاند سورج
رہے تابع تمہارے چاند سورج
ہوئے روشن ستارے چاند سورج
ہوتے سلطنتیں باری چاند سورج
ہوئے جمع تارے چاند سورج
ہیں میرے داغ سارے چاند سورج
نظر آئیں نظارے چاند سورج
صنم تیرے نظارے چاند سورج

کہہ رہا ہوا اندرون میر لیطرح ہر گلعذار
میرے زخمون کی اگر ٹانکے تجھے منظور ہین

ہجر ساقی مین بطے ہو گئی جلکر کباب
تو تیا کر اپنی آنکھون مین غبار بیزگان

چاہیے مقیش اوس سر کی چوٹی کیلیے
نقشہ کافی ہے مصور میرے جسم زار کا

بھر رہا ہے کیا ہی ظالم تیری خاطر مین غبار
پاے مجنون کی قسم ہی تو بگولا ہو دست خوان

چلتی ہے اوس بت کی فرقت مین لا بادہا
دیکھکر ظرف وضو یاد آتے ہین ظروف شراب

ہو گیا مانند پنجہ مارے چاکون کے دلا
چین ابرو کی نہین برداشت ہے آفتین مجھے

مسطر ابرو یکے نقشہ یکی کا ہے غبار پیچ
اے بت خونریز اپنے پیرہن تا تیغ

بادۂ قلقل ہے صراحی آہ آتش بار کھینچ
پنجۂ قمر گان پائے اندگان کے خار کھینچ

چرخ گردون پر ہے خورشید زرنگار کھینچ
بس یوہین تصویر مین دنیا کی کھینچ

شوق ہی اب میرا اپنے پیچ مین دستار کھینچ
چھوڑ کر سر اگر یبان دامن دلدار کھینچ

با غمین تو بھی دم آتش فشان و باد کھینچ
جلد ... مجھے اے خانۂ خمار کھینچ

تو بھی شانہ کی طرح اب گیسوی خدار کھینچ
غم نہین تلوار مجھ پر ونہین سو سو بار کھینچ

وصل ہی معشوق کا معراج عاشق کیلیے
چھوڑ ساقی عرش تک آہ ستم صاعد دلدار کھینچ

کرنا کہین نہ ساتھ رقیبون کے جان کوچ
ہم سر نکیے کلبۂ احزان مین گئے
ہون بیقرار وادی غربت مین سقدر

کر جائیگی بدن سے ابھی میری جان کوچ
یوسف کو لیکے کر ہی گیا کاروان کوچ
اک آن ہے مقام تو ہی ایک آن کوچ

۵۱

ردیف خای معجمہ

52

وصل کی شب ہوگئی آخر ہوا عالم سیاہ
وہ پری پیکر سراپا ہے برنگ آفتاب
فرقت محبوب مین ہر ماہ نو شمشیر شام

آج کیا برعکس آئی ہے نظر تاثیر صبح
ہین سفید اوسکے جو کپڑے وہ نہین ہین تو بہ صبح
ہے ہماری جان کو خط شعاعی تیر صبح

چھا رہی ہے میرے بخت کی سیاہی ہر طرف
کچھ شب فرقت مین ای ناسخ نہین تقصیر صبح

شکلے آئی ہے شاید پیکر کا نور صبح
چہرہ ساقی چمکتا ہے برنگ آفتاب
آگیا جو میکشو مجکو صبوحی کا خیال
ہجر مین ہے آج میری جان کو دو سفید
رُخ زرین فلک اندلیسے بھی نکلا نہین
وقت بیوقت آگیا بستر وہ آفتاب
نیش عقرب سے زیادہ رات بھر پہونچی گزند
کہتے ہین مروے کیسے حسرت دیدار مین
بھاگتا ہے مرہم کافور میرے داغ سے
میری آنکھون مین کہان ٹھہرا چراغ آفتاب
دیکھا اے موسیٰ تجلی اور اوس محبوب کی
ہجر مین ظاہر سب آثار قیامت ہوگئے

آج فرقت مین برنگ شام ہے پرنور صبح
بادۂ گلگون شفق ہے ساغر بلور صبح
بنگیا مینا سے ہر دانہ انگور صبح
وصل مین کل گوری گوری تھی برنگ حور صبح
یہ شب فرقت ہے اے نادان ابھی ہے دور صبح
ہوگئی ہے بارہا شام شب دیجور صبح
بند کردی اخترون کے خانہ زنبور صبح
شب تار لحد کو ہے صدای صور صبح
جسطرح خورشید مملا ہوگئی کافور صبح
ہے شب فرقت سیاہ آنے مین ہے مغرور صبح
طور کا شعلہ ہے خورشید درخشان طور صبح
پردہ شب مین رہیگی تابکے مستور صبح

حنائی ہاتھ ذرا دیکھو اوس سہی قد کے	بھلا یہ سرو نے پائی کہان بہار کی شاخ
یہ دستِ جود ہی ہتا ہی سب بالادست	وگرنہ پست ہے ہر نخل باردار کی شاخ
ہوئے ہین کیا ہی تہی دست ملے اہل وطن	نہ اس چمن مین رہی کوئی برگ و بار کی شاخ
مین لیکے ہاتھ مین پستانِ مرتا ہون	جریدتین کی لاؤ کوئی انار کی شاخ
ہماری قتل کو آمادہ ہے وہ خوش قامت	نکالی سرو نے شمشیر آبدار کی شاخ
یہ اپنے پانو مین پُر خار دشت وحشت مین	کہ لوگ جانتے ہین نخل خاردار کی شاخ
بجائے شمع یہان سوزِ داغ حسرت سے	ہر ایک جلتی ہی نخل سرفراز کی شاخ
شگفتہ رہتے ہین گلہائے معنی رنگین	نہین ہے خشک مرے کلک مشکبار کی شاخ
برابری کبھی کی تھی جو اوسکے ابرو سے	مروڑ ڈالی ہے کیا آہوئے تتار کی شاخ

خیالِ زلف مین باغ جو گئے ناسخ
تمام برگ تھے کفچے ہر ایک مار کی شاخ

ردیف دال مہملہ

آ مجھ سے ہو ہمکنار قاصد	کرتا ہون مین تجکو پیار قاصد
بر آئے ترے قدم کی دولت	امید امیدوار قاصد
قسمت سے ایک تو پھرا ہے	بھیجے مین نے ہزار قاصد
آنکھون سے نکا نون پانون پھیلا	گر کوئی چبھا ہو خار قاصد

ابھی دریاے اشک اُمنڈ آئے
گردون گر سیراب اے قاصد
مرکے جاؤن جو خلد مین بیشک
ہو سفر کا عذاب اے قاصد
وہم مین بھی کبھی نہ تھے یہ دن
ہے جدائی کا خواب اے قاصد

خطِ ناسخ کا لاجواب شتاب
ہو دُعا مستجاب اے قاصد

آیا نہین پھر گئے آہ قاصد
تکتا ہون مین کب سے راہ قاصد
آتا ہے کبھی جو ہوش مجکو
کہتا ہون یہی کہ آہ قاصد
مکتوبِ صنم دکھائے مجکو
پشتِ در دست سیاہ قاصد
ہون دستِ نگر اوسی کا ہر دم
مین شکلِ گدا ہون شاہ قاصد
اوس ماہ کا لیکے خط کرو جلد
طے راہ کو شکلِ ماہ قاصد
قاصد قاصد مین کر رہا ہون
کیا دیر لگائی آہ قاصد
ان روزون حواس کسطرح آئین
آتا ہے گاہ گاہ قاصد
جلد آیا نہین مین مر چلا تھا
جتیا رہے دیر گاہ قاصد
لکھے ہین مرے نصیب مین رنج
تیرا نہین کچھ گناہ قاصد
طے راہ کو جلد تو کیا کر
شکلِ پیک نگاہ قاصد
احباب سے اضطراب کہنا
ہے تو ہی مرا گواہ قاصد
میرے تنِ خشک کا نمونہ
لیجا کوئی برگِ کاہ قاصد

ولہ

کیا اس مین ہے اختیار قاصد

ولہ

سُرخ دیکھا جو خوشی سے مری چہرہ کو کبھی	ہوگیا غصے سے رُخ دشمن بے پیر سفید
سادگی مین جو مزا ہے نہین رنگینی مین	اے صنم دیکھ لہو سُرخ ہے اور شیر سفید
شوخ ہے رنگ سُنہرا یہ ترے سینے کا	صاف آتے ہے نظر سونے کی زنجیر سفید
ابروؤن پر ہے گلال اور غرہ پر ہے عبیر	سُرخ آتی ہین کمانین نظر اور تیر سفید

خون سفید ایسا ہے ابنائے زمان کا ناسخ
کیجیے قتل جو انکو تو ہو شمشیر سفید

شلِ نسرین بدن یار ہو جز خال سفید	ہے سراپا مین بجا ہو کمر اک بال سفید
ہوگیا پیر جو مین ہو گئی آخر شب ہجر	صبح امید ہوئی تار مرے بال سفید
کیا فقط اشکون نے آنکھونکی سیاہی دھوئی	کہ ہوئی ہین مری پلکون کی بھی سب بال سفید
ساری بازار کو سودا ہے مری یوسف پر	ہوگئے زرد خریدار تو دلال سفید
میرے نجتون نے زمانیکی سیاہی لی لی	ہو نجائین کہین قاتل ترے اب بال سفید
چاندنی گردِ قدم چاند ہر اک نقشِ قدم	رات کیسی ہو سیہ کردے تری چال سفید
آگیا یاد سیہ خانہ وطن کا مجکو	دشتِ غربت مین جو رہنے کو ملی پال سفید
نہین ممکن کہ سیہ دل نہو زردارون کا	ایک دن مین ہو سیہ کیسی ہو ٹکسال سفید
حُسن کو چاہیے انداز و ادا ناز و نمک	لُطف کیا گر ہوئی گورونکی طرح کھال سفید
دم مین یاقوت ہو تاثیرِ لب جانان سے	ہو جو قلیان مین بلور کی جنجال سفید
آگئین یاد جو حور و نہین نشیلی آنکھیں	اشک ست ٹپکے مری آنکھون سے یہ لعل سفید

گورے بدن پہ اوسکے نہیں پیرہن سفید
یا نستر سفید ہے وہ یاسمن سفید

کس درجہ تیرے دانت ہین اَے سیمتن سفید
ایسا نہیں ہوا کوئی دُرِّ عدن سفید

او رشکِ شمع و ماہ ترا نور دیکھ کر
انجم کی ہو رہی ہے تمام انجمن سفید

اے گل ترے حضور نہ ٹھہرے کوئی بھی رنگ
ہو جائے اکدم مین چمن کا چمن سفید

اوڑ جائے رنگ تیرے لبِ لعل کے حضور
بلّور کی طرح ہو عقیق یمن سفید

آئی بہار ہمدمِ مو سے ہے جوشِ جنون
ہو جائے سُرخ پہنون اگر پیرہن سفید

نسبت ہی میرے ماہ کے گورے بدن سے کیا
ہے جیب تو ماہ کا سارا بدن سفید

ولہ

تمھارے چہرے کے آگے ہے آفتاب سفید
نہ کیون برنگِ شفق سُرخ ہو نقاب سفید

تمھارے چہرۂ تابان نے یہ نکالا رنگ
کہ آفتاب ہے زرد اور ماہتاب سفید

ہوا نہین مری مژگان تر سے تر رومال
یہ ہے شہاب سیہ اور یہ سحاب سفید

ولہ

ہوئے رونے سے میرے دیدۂ بیدار سفید
بلکہ اشکون نے کیا رنگِ شبِ تار سفید

آنکھین خوش چشمون کی تجھ بِن ہوئین اے یار سفید
جسطرح ضعف سے ہو چہرۂ بیمار سفید

ہو گیا ضعف سے میرا بدنِ زار سفید
نظر آتا ہے صنم صورتِ زُنّار سفید

سرخ تھا خونِ سرِ فرہاد سے پانی تمام
لوگ سمجھے ہین کہ جوئے شیر ہوگی جو سفید

آسمانِ بام پر تیری تجلی دیکھ کر
زرد ہر خورشید رو ہو جائے ہر مہ رو سفید

چاند کو کہتے ہین سب ہر چند کاسہ شیر کا
پر کہین اس سے ہی تیرا کاسۂ زانو سفید

حال ہے روے زمین پر اک سیہ خانہ مرا
چاندنی سے ورنہ آتا ہی نظر ہر سو سفید

مثلِ نجم و ذنب چہرہ ترا ہو جائیگا
عالمِ پیری مین جب ہونگے ترے گیسو سفید

ہوگئی ہے صبح لیکن ہی شبِ ہجرت وہی
عہدِ پیری مین نہین ہوتے ہمارے مو سفید

ہجر مین یون چاندنی راتین سیہ ہین جسطرح
ماہِ عارض سے نہین ہوتی شبِ گیسو سفید

بارہا دیکھا ہے ناسخ پر نہین رہتا ہی یاد
شاخِ شبّو سبز ہوتی ہے گلِ شبّو سفید

زیست بھر ہوگی نہ یان چشمِ خیالِ یار بند
غم نہین گر اپنے گھر کے روزنِ دیوار بند

باغ مین جاتا ہی جب بندِ قبا کھولے وہ گل
غش ہی ہو جاتی ہی چشمِ نرگسِ بیمار بند

یوسفستان ہوگئے ہین کوچہ ہای لکھنؤ
ایک مدت سے پڑا ہے مصر کا بازار بند

نیند آئیگی کہ موت آئیگی ہجرِ یار مین
دیکھیے کیونکر ہون اپنے دیدۂ بیدار بند

بارہا گلشن مین سنتی ہی مرے گلبانگ کو
قسمِ غنچہ بلبلون کی ہوگئی منقار بند

بابِ توبہ تو کھلا ہے تو سہی جاؤن مین
کر لیا ہے تو نے دروازہ جو اے خمار بند

مُردے جی اٹھے تری ٹھوکر سے زندہ مر گئے
کھل گئین دو چار آنکھین ہوگئین دو چار بند

قیس سن لیتا ہماری برہنہ پائی کا حال
کیا کرین ہی قسمتِ وحشت مین پای خار بند

پر لگائے گا مجھے شوق اگر چاہی گا	اپنے گھر کی تو بنا شوق سے دیوار بلند

ولہ

میرے ہاتھون سے گریبان کئی تار بلند	میرے پانون نی بیابان کے کئی خار بلند
مثلِ شیرین وہ ستمگر جو ہے دشوار پسند	قبر کوہم بھی کرین اب کوئی کہسار پسند
دمبدم آئینے کے دیکھنے سے ثابت ہے	کہ بہت آپ کو ہے دیدۂ بیدار پسند
کیا دکانون سے چلے سنگِ ترازو مجھپر	جوشِ سودا نے مجھے آیا سرِ بازار پسند
جھانکنے کیلئے جبین درازین رخنے	اے پری رکھا مجھے ایسے ہی دیوار پسند
دل لگایا ہے کہین نام خدا تونے بھی	ورنہ کیون آتی ہے اے بت تجھے دیوار پسند
کہتے ہین ہوتی ہے باتیں اولٹی پریزادونکی	اے پری ہے ترے اقرار سے انکار پسند
غیر کے دل سے مرادل ہے اگر خوب تو کیا	ہے وہی جنس کرے جسکو خریدار پسند
حسب ہے عاشق ہون تمنا ہے یہی دور ہو عشق	خبر شفا کچھ نہین کرتا کوئی بیمار پسند
کردیا تونے ستمگار یہ حال ایسا	اب مرا دل نہ کریگا کوئی دلدار پسند
کوئی دیکھے نہ مجھے مین نہ کسی کو دیکھون	فرقتِ یار مین ایسی ہے شبِ تار پسند
جس سپاہی نے ترے ابروے پرخم دیکھے	اوسکو آتی نہین کوئی کبھی تلوار پسند
یہی گھر رنج سے خالی نظر آیا مجکو	اس خرابات مین ہے خانۂ خمار پسند
چین آنے کا نہین کوچۂ جانان کے سوا	یہ چمن کیا کہ نہو خلد کی گلزار پسند

۵۸

ہوئی یان آمد و رفتِ نفس بند
قبا کے اسقدر ظالم نہ کس بند

غبارِ دشتِ مجنون گیا ہی سُرمہ
کہ ہو جاتی ہے آوازِ جرس بند

سمائے گا نہ دستون مین بھی مطلب
ہوئے القاب مین تو صرف دس بند

شبِ فرقت مین ہم پھرتی ہین نالان
زبان ہوتی نہین مثلِ جرس بند

کہان وہ اگلے مجنون صحرا نوردی
ہوئے زندانیئن ہم اِکی برس بند

مین فریادی نہین افسانہ خوان ہون
کرے گا خواب چشمِ دادرس بند

ولہ

قدر اپنی تیری مدح سے ہی جانِ من بلند
آواز جیسے ہوتی ہر وقتِ اذان بلند

ایسے ہین میری نالۂ آتش فشان بلند
ہے آگ کے کرے سے بھی جنکا دھوان بلند

ادنی جو ہین منھ لگے وہ اعلی کسی جگہ
ہر چند زمین پست ہی اور آسمان بلند

کس سے مثال دون ہی عجب بارگاہِ دل
اِسکا تو عرش سے ہے کہین آشیان بلند

کیا زاہدونکو ظاہر و باطن مین فرق ہی
دالان خانہ پست ہی اور آستان بلند

بجلی جلائے گلشنِ ہستی مین ہمصفیر
صیاد کے ڈر سے جو کرون آشیان بلند

دیکھو تو مہر و مہ کے طلوع و غروب کو
رکھتا ہے کسکو چار پہر آسمان بلند

قامت مین جو کہ کم ہے وہ قیمت مین ہے زیادہ
رتبہ مین سر سے ہے وہ سرِ روان بلند

آسمان میری پستی طالع کا بھی علاج
جنبش ہوا کو ہو تو ہو خین نا توان بلند

دلمین جگہ تو دی غمِ دنیا کو بیوقوف
قدرِ مکین ہے پست شکوہِ مکان بلند

قطعہ

چاند کے جلوے سے بندھتا ہے خیالِ آفتاب
چاندنی میں مجکو ساقی بیشتر آتا ہے یاد

نوجوانو تکو سرو نیرِ طرّۂ گل دیکھکر
انجمن پیرکین مجکو داغ سر آتا ہے یاد

خشک ہو جاتا ہے حاسد کا لہو سننے کو سا
کوئی ناسخ کا جو مجکو شعرِ تر آتا ہے یاد

پیریین ہوتے نالہ گرم اپنے دلا سرد
معمول ہے چلتی ہے دمِ صبح ہوا سرد

رکھتا ہے قدم کوچۂ جانان میں جو ہمسر
جلتا ہے بدن تپ سے مگر ہے کفِ پا سرد

کس مرتبہ باہم ہے فراخو نہین تخالف
جب گرم ہوا یار تڑپ کر میں ہوا سرد

حیران ہون کیون ہاتھ ترے لگتے شعلے
کہتے ہین کہ تاثیر میں ہوتی ہے حنا سرد

بیخود ہون شبِ فرقتِ محبوب میں ایسا
معلوم نہین وہ مری گرم ہے یا سرد

ولہ

پہنے وہ صنم جو پیرہن زرد
ہو جائے سفید یاسمن زرد

پہنا ہے جو تو نے پیرہن زرد
یان ہے یرقانِ غم سے تن زرد

غصے سے وہ گل جو لال ہوگا
ہو جائے گی ساری انجمن زرد

گلگشت کو آئے گا جو وہ گل
گل ہون گے برنگِ یاسمن زرد

دل خون ہے مرا برنگِ لالہ
گنبد کی روش سے ہے بدن زرد

گو آئے خزان چمن میں وہ گل
ہوگا نہ یہ غنچۂ دہن زرد

تیرے بغیر شیشے مین وہ زہر ہے کہ ہو	جام بلور صافی پیمانہ شکن کبود
کیا اتحاد ہے کہ وہ پیٹا جو گاڑ کر	مدفن مین ہوگیا ہے ہمارا بدن کبود
زندون کے حال پر مجھے ماتم ضرور ہے	بعد از وفات چاہیے مجکو کفن کبود
پان وسمی کو دیکھکے بولا وہ بت بلطف	ثابت ہو کہ مرد ہے سُرخ اور زن کبود
تُو تو لہو مین لال ہوا پر اثر کہان	شیرین کا سر ہوا نہین اے کوہکن کبود
انسان کشن جی نے کیا ہے جو مُنڈ تون	اتبک اسی اثر ہے رنگِ چمن کبود
وہ سیب باغ ہے کہ گرا لے ہن سنگ سے	ہو جائے سونگھتے ہی وہ سیب ذقن کبود
باغِ جہان کا ہے حال دگرگون ہے کیا عجب	سُوسن ہو سُرخ اور گل نارون کبود
کیسا ہی ہو قریب نہو گا ثمر بکنج	کیا چوٹ سے ہو شبل بدن سیم تن کبود

چشمِ کبودِ یار کو کیونکر مثال دون ؛
ناسخ نظر پڑا نہین اتبک ہرن کبود

تپ سے جلتا تھا بدن میرا ہوا ای یار سرد	کسقدر تاثیر مین ہے قرب دیدار سرد

ردیف ذال معجمہ

قابل نامۂ محبوب کہان یان کاغذ	بے زری مین نہین ممکن زر افشان کاغذ
میرے مکتوب سے ایسی ہوئی نفرت اسکو	کہ کوئی اب نہین چھوتا کسی عنوان کاغذ
دستِ پر نور مین نامہ مرا جو اوس نے لیا	ہو گیا صاف برنگِ مہِ تابان کاغذ

[illegible] دل [illegible] مسلمان کاغذ
[illegible] پنہان [illegible] کاغذ

ولہ

[illegible] قاصد جانان کاغذ

۶۱ دیوان ناسخ جلد دوم

[illegible] لفافے مین ہمارا ہے کلام شیرین
[illegible] ہین قند کے اوپر کاغذ
ناتوانی سے نہین [illegible] جنبش حرکت
مین ہون حرفون کی طرح میرا ہے بستر کاغذ
حال لکھا ہے جو مین نے تن لاغر کا
[illegible] رنگ کے مانند کبوتر کاغذ
مین نے لکھا ہے جو اپنا مصیبت نامہ
[illegible] اشک سے [illegible] تر کاغذ

نہین تجکو خط جانان [illegible] مجھے قند وطن سے کہین بہتر کاغذ
ہو گیا طائر جان ساتھ [illegible] جانان کے برابر کاغذ
ساتھ نامے کے گئی جان بھی [illegible] کاغذ
یار نے خط مین جو لکھا کہ نہ آنا ہر گز
[illegible] سکندر کا کاغذ
کسقدر مشق قلم مین ہے جبین سائی کی
[illegible] کاغذ
فال [illegible] فرقت [illegible] کاغذ
میرے نامے کو [illegible] رنگ مین بہتر کاغذ
[illegible] دستِ حنائی مین وہ [illegible] کاغذ

جائے جراح کہ اب نامہ بر آ پہونچا ہی	بدلے بجالے کے رکھون داغ جگر پیکاغذ

کیا مین افلاس مین خطِ یار کو لکھون کاغذ
نہ قلم ہے نہ سیاہی نہ میسّر کاغذ

ہے کیاہی بوسۂ لبِ شیرین دہان لذیذ	شفتالو ایسے باغ جہان مین کہان لذیذ
سیبِ ذقن ترا ہے جوای جانِ جان لذیذ	ایسا دلائے میوہ کبھی باغبان لذیذ
گر ہے برنگِ کوزۂ مصری دہان لذیذ	شاخِ نبات سے ہے تمہاری زبان لذیذ
میرے دہانِ زخم سے چھٹنا ہوا محال	قاتل ہے کس قدر تری نوکِ سنان لذیذ
کیا رکھیے پیش غم جگر و دل بھنے ہوے	لاتے ہین سب طعام پہ مہمان لذیذ
ہوگی سگ و ہما مین پس از مرگ خوب جنگ	ہین کیاہی عشق اب مرے استخوان لذیذ

دنیا مین تلخکام ہے ناسخ تو غم کھا
ہون گے تمام میوۂ باغ جنان لذیذ

ردیف رای مہملہ

اے دل اگر آئے قاصدِ یار	چومون کفِ پاے قاصدِ یار
اجرت مین دل تو ہے کیا مال	ہے جان فدائے قاصدِ یار
ہے پیکِ اجل کی آج آمد	پہلے کہین آئے قاصدِ یار
ہون تنگ جو انتظارِ خط مین	کہتا ہون مین ہائے قاصدِ یار

کچھ شوقِ دل لکھا تو لگا کہنے نامہ بر	نامہ اوٹھا نیکو کرون تدبیر دوش پر
اوس مرحلے مین خانہ بدوشی ضرور ہے	گھر اپنے واسطے کرون تعمیر دوش پر
مجھ رند بد عمل کے جنازے کو گر لگے	ثابت ہو روزِ حشر یہ تقصیر دوش پر
اوس گل کے پاس عین زمستان مین ہو بہار	گلزار ہو دوشالۂ کشمیر دوش پر

ناسخ نہ کسطرح ہو دو بالا علی کی قدر
جسدم چڑھائے مالکِ تقدیر دوش پر

مین ہی مرتا نہین کچھ اوس بتِ لاثانی پر	جان عالم کی نکلتی ہے مری جانی پر
کیا ہوا اوس سرِ خم مانگی غذا غیر شراب	کہ درختون کی قناعت ہے فقط پانی پر
رکھدیا دل ترے آگے جو اوسے سر کا کر	رحم آیا تجھے آئینے کی حیرانی پر
کیون نہو محوِ قدِ یار کہ مثل آزاد	سرنوشت ایک الف ہے مری پیشانی پر
آتے جاتے تجھے دیکھون ملے غیر کو یار	کاش ہو جاؤن مین نوکر تری دربانی پر
خبرکسن مجکو بدلنے کی نہین ہی حاجت	غش کرون کیون نہ بھلا جامۂ عریانی پر
غش مین موسیٰ کی طرح صاعقہ طور گرا	کیا تجلی ہے ترے چہرۂ نورانی پر
دشتِ غربت مین جو گمراہ پڑا پھرتا ہون	کیا مین عاشق ہون کسی غولِ بیابانی پر

اگرچہ ہے نظم مگر نثر کا ہوتا ہے گمان
یہ غزل دال ہے ناسخ کی پریشانی پر

آئے یارب جلد در پر نامۂ پر	دے مجھے مکتوب دلبر نامہ بر

تیرے ابرو کسی مجنون نے کیا تشبیہ دی تیری ابرو سے کسی مجنون نے کیا تشبیہ دی جام اپنا ہے لبالب جام خالی اوسکی پار	آگیا ہے ہمارا ہاے کس بڑ دید پر جوہر خنجر نکل آتے ہین برگِ دید پر میکدے مین لے گئے ہین فوق ہم جمشید کو

آپ اب چلنا پڑا ناسخ دیارِ یار کو
قاصد اپنا آجتک آیا نہ اس تاکید پر

کیا شبِ فرقت مین صدمہ ہین دلِ بیتاب پر
شل زخمی کو ٹتا ہون چادر مہتاب پر

ہجر مین سو جاؤن کیا ہین تو رشک کمخواب پر
جنگلے مین بال پلکون کی برای خواب پر

شل ہالہ رات صدقے ہوتی ہے مہتاب پر
یہ خطِ شکین نہین رخسارِ عالم تاب پر

آگیا یاد آہ محبوبِ نمازی کا رکوع
آنکھ میری جا پڑی مسجد کی جو محراب پر

گنبدِ مدفن مری انکھوں سے یون ہے بعد مرگ
بلبلے ترتے نظر آتے ہین صبح آب پر

جھوٹا پانی یار کا تھوڑا پلا دے اے طبیب
ہے شفا موقوف اپنی شربتِ عناب پر

خیمۂ لیلیٰ نظر آتا ہے او مجنون حباب
نجد کے وادی مین میرے اشک کے سیلاب پر

وہ جو قائم ہو بخور زر اوسکو نام زر نسی
نوق ہے میری دلِ بیتاب کو سیماب پر

عین دریا مین بھی گردش ہے نہین دم بھر قرار
سعی کرنا ختم ہے اے سالکو گرداب پر

رند مشرب اسقدر رکھتی نہین ذوقِ شراب
ہاے کیا رکھتا ہے رغبت غم مری خونناب پر

کان مین محبوب کی آواز آتی نہین
کیا شب فرقت مین مجکو رشک ہے شبتاب پر

بنگیا فوراً امراتا رنگہ تار شعاع
جا پڑی جب آنکھ اوس خورشید عالمتاب پر

لیگیا صحرا کیجانب اُن دنوں شوقِ شکار	شیر غم پیچھے پڑا یان کیا ہی ہنچ جھاڑ کر
میری داغوں کے برابر جب نکلا آفتاب	صبح کیا نادم ہوئی اپنا گریبان پھاڑ کر

ولہ

خاموش ایک دم نہیں رہتا دہانِ گور	گویا ہمارا لاشہ ہوا ہے زبانِ گور
میخانہ سے ملائک نقالے نہ جائیں	مرجاؤں میں تو لوگ ہیں پاسبانِ گور
خادم جو تھے بنے وہ فرشتے عذاب کے	گھر ہو گیا ہے ہجر میں مجکو بسانِ گور
بدتر ہے مزبلہ سے بھی دیکھیں جو گھر کو	ظاہر ہے سعید ہو سے بھی بہتر ہے شانِ گور
ہے صحن خانہ عرصۂ محشر نگاہ میں	تہ خانہ پر ہے ہجر میں مجکو گمانِ گور
تا روزِ حشر جاکے نکلتا نہیں کوئی	دنیا میں بس پسند ہے مجکو مکانِ گور
کھانے پکا پکا کے دلاتے ہیں فاتحہ	مردہ غذائے مور ہوا درمیانِ گور
مردوں کے نام سے بھی کوئی آشنا نہیں	کیا فائدہ رہا جو ہمیشہ نشانِ گور

گلشن بنا دیا مجھے ناسخ کے داغ نے
سُن تو زبانِ حال سے یہ ہے بیانِ گور

مر ہے یار اے محتسب مینا دوش پر	ہے برنگِ جوشِ مے اپنا لہو بھی جوش پر
ہے جدا وہ ماہ مجسے داغِ سوزاں ہمکنار	ہالۂ خورشید کا عالم ہے اب آغوش پر
ہے شب مہتاب یار و روز سیہ میں آفتاب	چھپتیاں ہیں جبین یہ اوس محبوب کمل پوش پر
ہو گئی گنجی ہمیں موج نسیم نوبہار	تھا برنگ غنچہ قفل اپنے لبِ خاموش پر

بارہ ہای دلِ سوزاں کی آنکھوں میں نہیں — نکلے ہیں روزنِ مجمر سے یہ اخگر باہر

نورِ رخسار نہیں زلف کے حلقوں سے عیاں — پردۂ شب سے نکل آئے ہیں اختر باہر

باہر آتا نہیں وہ طفل گر اپنے گھر سے — طفلِ اشک اپنے نکل آتے ہیں اکثر باہر

یہ تمنا ہے صنم ہو جو قیامت برپا — قبر سے مجکو نکالے تری ٹھوکر باہر

چشم و دل سمجھو نہ مستو ہو عجب نرم بدن — شیشۂ بادہ جو اندر ہے تو ساغر باہر

ہاتھ تیرا نہیں دستانے سے نکلا قاتل — میان سے تو نے نکالا ہے یہ خنجر باہر

نقدِ جاں کیسۂ قالب سے جو نکلے نکلے — دیکھ ممسک کہیں تھیلی سے ہنوز زر باہر

منتظر بیٹھے ہیں گھر میں کسی محبوب کے ہم — مثلِ تصویر نکلتے نہیں دم بھر باہر

زلف و عارض کے تصور میں ہی آہ کی ساقی — شعلۂ دودِ دل آتا ہے برابر باہر

رات بھر تم تو کرو بادہ کشی محفل میں — مثلِ ساغر ہمیں تا صبح ہو چکر باہر

بعد مرنے کے بھی ہے ساتھ یہاں فصلِ بہار — قبر میں داغِ جنوں پھولوں کی چادر باہر

کر لیا قتل ہزاروں کو یوہیں قاتل نے — میان سے بھی کبھی نہیں خنجر باہر

آمد آمد جو سنی میری سہی قامت کی — باغ سے دور پڑے سرو و صنوبر باہر

خانۂ چشم میں بے یار جو نیند آنے لگی — مردمِ دیدہ یہ چلائے کہ باہر باہر

اے اجل تو نے غضب تفرقہ پردازی کی — قبر میں تو سرِ شوریدہ ہے پتھر باہر

میں وہ بلبل ہوں کہ اے گل تری گل گیری کی — بو سے لینگے نکلیں گے مرے پر باہر

نازِ موروں کو اٹھائیں کہاں ہمکو دماغ — ہو ہمارا درِ فردوس سے بستر باہر

ولہ

شبہ اپنے دیدۂ تر پر سمندر کا ہوا
پنجۂ مژگان مین سمجھا شاخ مرجان دیکھکر

کیون نہ کپڑے پھاڑکر عریان اب ناسخ پھرے
ہوگیا دیوانہ تیرا جسم عریان دیکھکر

توہی وہ گل ہی کہ تجھسے ہے فلاطون بہار
اس چمن مین ورنہ ہر گل پر ہی احسان بہار

اوڑتی پھرتے ہین بھلا کیا رتبۂ اوراق گل
مصحف رخسار اوس گل کا ہے ایمان بہار

مین ہوا عاشق جو اوس گل کا ہوا آغاز خط
جوش سودا کا ہوا ہے مجکو پایان بہار

زندہ ہوتی جاتے ہین گلہای مردہ دیکھکر
آب جو ئین ہین چمن مین آب حیوان بہار

کر رہا ہون آبیاری باغ حسن دوست مین
دیدۂ گریان مین گویا ابر باران بہار

تو نہین جاتا چمن مین گل نے پھاڑا پیرہن
بنگئی مو ج ہوا موے پریشان بہار

تیرے روے آتشین کے آگے جاتا تھا فروغ
گرد یا باد خزان نے گل چراغان بہار

گل ہوئی پژمردہ سب مرغ چمن مردہ ہوئی
آگے اوس گل کے نکلنے پر ہی اب جان بہار

کیا غضب ہی شکر محسن کا بشر کرتی نہین
ہے زبان برگ سی ہر گل ثنا خوان بہار

جوش گل اوس رشک گلشن کی جدائی مین نہین
بلبلو آلودۂ خون ہے یہ دامان بہار

لالہ و گل کیا کہ ہین منقار نافرمان تنگ
باغ مین مانند جو جاری ہی فرمان بہار

کیون خزان حسن مین دیکھون خط سبز یار
اسقدر دلکش کہان گلشن مین ریحان بہار

کیا زمین اب تو شفق سے ہی گلستان آسمان
دیکھنا اے باغبان تو رفعت و شان بہار

دیکھے اوس گلگون قبا کو حسن وحشت زا اگر
پرزے پرزے ہو برنگ گل گریبان بہار

ولہ

عوض نقش قدم گرتے ہین ناسخ موتی
ایسی ہی درسا کلک گہربار کی رفتار

ولہ

آدمی عاشق ہین کیا اوس سرو قد آزاد پر
ایک قمری اب نظر آتی نہین شمشاد پر

ولہ

دل سے وہ محبوب سیم اندام ہی شیدائے زر

زر کے پیچھے طالب زر ہو رہے ہین کیا ہلاک	فائدہ کیا نقد جان دیکر جو کوئی پای زر

ردیف زای معجمہ

بیہوش ہو سُن لے جو مری یار کی آواز	تاثیر مین کب ایسی ہو مزمار کی آواز
جب کان مین آئی قدم یار کی آواز	ساتھ اوسکے سُنی نالۂ اغیار کی آواز
نالہ کبھی کرتا ہون اگر بزم غنا مین	یہ ضعف ہو سب جانتے ہین تار کی آواز
نالان جو ہوا گیسوی پیچان مین مرا دل	ہنسکر وہ لگے کہنے یہ ہی مار کی آواز
غش کھا کے گرے رعد بھی بجلی کیطرح سے	سُن لے جو مرے آہِ شرر بار کی آواز
خاموش جو بیٹھے ہین یہ بت ہین بڑے خونخوار	سُنتا ہے کوئی کب لب سوفار کی آواز
از خود نہین بول اوٹھتی جو ہین صبا تکلیم	بولے جو کوئی تب سُنے کہسار کی آواز
اے غافلو کھُل جائین اگر گوش حقیقت	آئے دہن غیر سے بھی یار کی آواز

سُن سان ہے کیا ہجر مین کاشانۂ ناسخ
بولا نہ کوئی مینے کئی بار کی آواز

مردونکو جلاتی ہے تری ناز کی آواز	اعجاز کا اعجاز ہے آواز کی آواز
کیا ہجر مین خوش آئے مجھے ساز کی آواز	یاد آتی ہے ہر دم کسی دمساز کی آواز
سُنتا نہین نالے تو مرے طائر دل کے	ایسی نہین مرغان خوش آواز کی آواز
چلاؤن نہ پھر کیونہین کہ یاد آگئی مجکو	وہ ناز کی رفتار وہ انداز کی آواز

فوجِ غم بھاگ چلے شیشہ مے لا ساقی | لشکرِ ابر سے نکلی طبلِ ظفر کی آواز

ولہ

ڈر دلا گو کہ نہین کاکل دلدار دراز | ایک ساز ہر ہے کوتاہ ہو یا مار دراز
قرۂ یار سے ہے ابروی خمدار دراز | ورنہ برچھی سے کہان ہوتی ہے تلوار دراز
کر دیا ہے شبِ فرقت کی درازی نے یہ حال | غش سے بستر پہ ہو نہین صورتِ بیمار دراز
کہکشان سے کم جادۂ صحرائے جنون | استقدر کم تھے مرے شہر کے بازار دراز
کفر کے سامنے اسلام کی مقدار ہی کیا | تیرے سبحہ سے ہے زاہد مری زنار دراز
گو تھی گرچہ شبِ وصل زکی ہو لیکن | ہوتری عمر شبِ وصل سے اے یار دراز
بختِ خوابیدہ بھی اونگھتا گئے سو سو گئے | کیا شبِ ہجر ہے او دیدۂ بیدار دراز
پانون پھیلائے ہوئے مست پڑا ہون لیکن | ہے مرادستِ طلب جانبِ خمار دراز
راہ مین خاک نہ لگجائے کہین عاشق کی | استقدر آپ نہ پہنا کرین شلوار دراز
منیے اشکون سے جو سیراب کیا صحرا کو | ہو گئے کیا تلوؤن کے لیئے خار دراز
بال سر سے جو لپیٹے تو دکھے یار کی ہاتھ | ایسی ہوتی ہے بھلا کب کی دستار دراز
طاقِ ابرو کی تصور مین کرون نالے بلند | ایسی مسجد کو منارے ہین سزاوار دراز
پردہ اوٹھتے ہی لگا جلنے فلکِ پر خورشید | اتنے ظاہر مین نہ تھے شعلۂ رخسار دراز
وصف کرتا ہون تو تقریر بڑھی جاتی ہے | اے صنم کیا ہے تری کاکلِ خمدار دراز

ولہ

ردیف سین مہملہ

مین تو دل دیتا ہون کہ تاہر دہ دلدار گریز
ہے عجب جنس گرے جسپہ خریدار گریز

دھوپ مین جاتے ہین تو ابر کی سائے کیطرح
ہمسے کرتا ہے ترا سایۂ دیوار گریز

ہو نہین آتش قدم ایسا کہ مرے لوہو سے
شبل سوزان کرے صحرا مین ہر اک خار گریز

آج اوس نور مجسم کی سنڈی ہین نہ لفین
ہیچ ہے خورشید سے کرتی ہو شب تار گریز

میرے اشعار مین لاحول کی تاثیر ہو کیا
یار سے سنتے ہی کر جاتے ہین اغیار گریز

گر دنامہ خط مشکین ہے ترا اپنے لئے
تجسے کیا کر سکین وحشت مین ہم اے یار گریز

جذب دل کھینچ ہی لاتا ہے ادسکو سو لیے
کر چکا ہے وہ صنم مجسے کئی بار گریز

آنکھین اوس مست کی دیکھین ہین تو میخانو
ہوش کی طرح سے کرنے لگے میخوار گریز

فلس ماہی کیطرح داغ جنون سے ہو نباہ
تیغ ابرو سے کریگا نہ دل زار گریز

دل ہو عنیمت تو کہان ہوش خرد صبر قرار
فوج کیا ٹھہرے بھلا جب کرے سردار گریز

امتحان غیرونکا کرنے جو لگا وہ سفاک
قتل دو چار ہوئے کر گئے دو چار گریز

لشکر غم نے بہت تنگ کیا ہے ہمکو
کیجیے اب طرف خانۂ خمار گریز

مشتری جب نہوا کوئی تیر ہو کوچہ مین
ماہ کنعان نے بھی کیجانب بازار گریز

کیا شب تار جدائی کی سمائی وحشت
کر گئی روشنی دیدۂ بیدار گریز

یون مجھے دیکھکے بھاگا وہ بت سیمین تن
مفلسون سے کرے جسطرح سے زردار گریز

ظفر و فتح مبارک ہو تجھے اے ناسخ
کر گیا معرکے سے دشمن غدار گریز

ایک مین جان سوختہ رہتا ہون یان مجنون
پیرہن خاکستری ہو ورنہ ہر اخگر کے پاس

چاند تاریکا جو کرتا پہنا تونے ای صنم
ایک ماہِ نو نظر آتا ہے ہر اختر کے پاس

حُسن کی طینت مین بھی داخل کیا صانع نے عشق
داغ سودا ہین ازل سے لالۂ احمر کے پاس

کیون مشقت سے بناتا آئینہ فولاد کا
واقعی ہوتا دلِ روشن جو اسکندر کے پاس

ترکِ کفر آسان ہی کب دینِ زاہد کیطرح
آستین مین لیکے بت جاتی تھے پیغمبر کے پاس

تفرقہ جبتک نہین اضداد باہم ایک ہین
شیشہ بھی مثلِ شرر پنہان ہے ہر پتھر کے پاس

کسطرح افسوس آہِ آتشین سے پھوکدون
ہر رقیبِ دیو سیرت اوس پری پیکر کے پاس

بیڑیان سی بیڑیان توڑی ہین میرا جنون
جائی آہن اتو سیم و زر ہو آہنگر کے پاس

دور بھاگے کیون نہ لشکر تجکو تنہا چھوڑکر
ٹھہرے ہے کب فوجِ انجم خسرو خاور کے پاس

روک ناسخ کو نہ اے رضوانِ فردوس پر
بندۂ شیرِ خدا ہے جائے گا قنبر کے پاس

ردیف شین معجمہ

گر گئی ہے ہم یہان اک مست کی ٹھوکر بیہوش
صورتِ نقشِ قدم رہیے نہ کیونکر بیہوش

ہوش کب جلوۂ دیدار مین رہتے ہین بجا
ہو گئے حضرتِ موسیٰ سے پیمبر بیہوش

فاقہ مستی سے ہمین بھی ہی بھلا ہوش کہان
ہین اگر نشۂ دولت سے توانگر بیہوش

اے فلک نشہ جو قسمت مین نہین غش ہی سہی
مغتنم جان مین ہو جاؤن مین جو مَر کر بیہوش

ولہ

ولہ

[illegible]

ردیف ضاد معجمہ

ہے فصلِ گل سے کام نہ گلزار سے غرض
رکھتا ہون بلبلون کی نہ کچھ بہار سے غرض
گر نقد دل لیا ہے تو ہے یہ درد سر
سودا سے عشق کے نہین بازار سے غرض
غافل ہم اپنے ہین کہ نہین کوئی ہوشیار
ہے خواب مین بھی دولتِ بیدار سے غرض
نرگس کو دیکھے گا تری آنکھون کو آگے کون
کیا پیش تندرست ہے بیمار سے غرض

مرنے سے پہلے جو مرنا ہو تو سُن لے تدبیر	بیٹھ رہ چپکے کسی کونے مین ہو کر خاموش
قیس نالان جو ہوا سنیے ظرافت سے کہا	ہو گیا ہے جرسِ ناقہ لیلا خاموش
نرگسِ یارِ سخن گو ہے بھلا کیا نسبت	چمنِ دہر مین ہے نرگسِ شہلا خاموش

ولہ

ساز و مطرب تری آواز سے ہین گنگ و خاموش	احتیاطاً ہو گئے داؤد بھی شاہا خاموش
ہم ہین اوس گل مین چلین باغ مین جو تقریر مین	ساتھ غنچون کے ہوئی بلبلِ شیدا خاموش
مست جبتک نہین ہوتی نہین ہم کرتے بات	مے اگر ہوتی نہین رہتی ہے مینا خاموش
کسکو اے نورِ مجسم ترے آگے ہو فروغ	کر دیا تو نے چراغِ یدِ بیضا خاموش
تو وہ اعجاز بیان ہے کہ تری محفل مین	شرم سے صورتِ مریم ہے مسیحا خاموش
ناطقہ بند کیا تو نے ہر اک ناطق کا	مشرکِ گنگ ہوے صورتِ عزا خاموش
تابِ دم مارنے کی کسکو بھلا تیرے حضور	ہو گئی شمع تجلی مع موسیٰ خاموش
آنکھ رہتی ہے گگلے مین تیری ہیبت سے شرار	کیون نہو میکدۂ دہر مین مینا خاموش
جب ہی مسجدِ اقدس مین اذان ہو نے لگی	شلِ بُت ہو گئے ناقوس کلیسا خاموش
آپکو مُصحفِ ناطق کی قسم یا مولا	حشر مین میری شفاعت سے نہ رہنا خاموش

ردیف صاد مہملہ

زنہار ہو جسیو نہ دلا مبتلائے حرص	ذلت بھی دور ہی آتی ہے نادان بنا حرص

[illegible]

سبز نگین ہین جو آنکھین تو بدخشان ہین خط
زلفِ پیچان تری ہندو ہین مسلمان عارض

کسطرح خطِ شعاعی مین نہان ہو خورشید
نہین ممکن خطِ مشکین مین ہو پنہان عارض

دستِ گلچین مین ہو جسطرح سے کوئی گلِ تر
یون نمایان ہے تہِ پنجۂ مژگان عارض

جسطرح سے ہے گریبانِ سحر مین خورشید
قیص مین یون نظر آیا تہِ دامان عارض

جلوہ فرما مہِ کنعان ہے چہ کنعان پہ
نہین اے ماہ سرِ چاہِ زنخدان عارض

بے خزان کیون نہو اے رشکِ چمن تیری بہار
بے تکلف ہے گلِ روضۂ رضوان عارض

دور ہر چند وہ پرکالۂ آتش ہے مگر
ہے تصور مین چراغِ شبِ ہجران عارض

روزِ نوروز حسین ہے شبِ معراج ہے زلف
ذوالفقار ابروے محبوب ہین قرآن عارض

شاخِ گل عکس سے بنجاتی ہین پیاری لہرین
صاف دریا کو بناتا ہے گلستان عارض

وہ بھبھوکا شبِ تاریک مین جاتا ہے اگر
آئینہ خانے مین کرتے ہین چراغان عارض

نہین معلوم کہ خورونکی بھی ہے عیان یا کہ نہو
یا گر ایسے نہین رکھتا کوئی انسان عارض

رات کو چہرۂ مہتاب نظر آتا ہے
کسطرح گیسوے شبگون مین ہون پنہان عارض

ہو نہین حیران ہے کیونکر شبِ گیسو جو دو
ہین قمر ماہ کے خورشید درخشان عارض

کیون نہ دن رات کراہا کرون مین اے ناسخ
ہو گیا ہے مرضِ عشقِ حسینان عارض

دستِ خالی ہی ملا ہے ہمین ساغر کی عوض
آتشِ گل کی بھی برداشت نزاکت کو نہین

پیتے ہین خونِ تمنا مے احمر کی عوض
سمجھے وہ شاخ نہین اخگر ہین گلِ تر کی عوض

ولہ

دلا ہے بھیک بیگانون سے بہت
نہ مانگے آشنا سے آشنا قرض

عیادت کو وہ بت آیا پس از مرگ
مجھے دم بھر کو دے جان ابجدا قرض

نہین غم نقد جان گو ہاتھ سے جاے
نہ مین عطار سے لونگا دوا قرض

گریبان چاک کرنے کا جو ہو شوق
جنون لیتا ہون کپڑے جابجا قرض

ابھی دم بھر مین بے تکرار دونگا
کوئی بوسہ تو دے اے دلربا قرض

بہار افلاس مین آئی تو مین نے
گلون سے زر براے مے لیا قرض

کرے گا وعدۂ عیسیٰ قیامت
ہمارے استخوان لے گا ہُما قرض

مرے کپڑون کے تو پُرزے اُڑادے
جنون اب لون کسی گل سے قبا قرض

مرے گھر سے چلا محرم جب چور
کہا مین نے رہا مجھپر ترا قرض

جو مین افلاس مین نکلا سفر کو
براے راہزن کچھ لے لیا قرض

وہ بادل ہین جو لین قرض آب دریا
فرون پیاسا نہ لون آب بقا قرض

ردیف طای مہملہ

ورد ہے مجکو ترا اے یار خط
روز پڑھ لیتا ہون مین سو بار خط

یکقلم لکھا ہے مین نے شوق وصل
سُرخ کر اے دیدۂ خونبار خط

خواب مین بھی بس یہی کہتا ہون مین
خط منگا اے طالع بیدار خط

نامہ بر یارون کو پہونچا تا نہین
بکتے ہین میرے سر بازار خط

خط کا کاغذ بھی نہ بھیجے گا مجھے
حالِ سوزِ ہجر جو عرقوم ہتا

جانتا ہے وہ مجھے شیدائے خط
اوس بھبھو کے نے مرے جلوائے خط

دوست میرا میرے پاس آتا ہے آپ
اب نہیں ناسخ مجھے پروائے خط

لکھ چکا ہے وہ ستم ایجاد خط
بھیجے گر محبوب تو اتنا رٹون
اوس پہ پرو کر نہ پھونچا ایک بھی
کھینچ دے مجھ زاد کی ادسین نسبیہ
زندگی کیا جب نہ آئے خطِ یار
غم سے کر دے مثلِ سروِ آزاد خط
ہاے لیجاے کبوتر کسطرح
اوس پری تک کب پھونچتا ہے بشر

راہ مین ہے اے دلِ ناشاد خط
یکقلم ہو جاے مجھکو یاد خط
سب صبا نے کر دیے برباد خط
ہو چکا تحریر اے بہزاد خط
کھینچ دے گردن پہ اے جلاد خط
جلد بھیج او غیرتِ شمشاد خط
بھیجتا ہے جانبِ ضیاد خط
لے چلا آخر مرا ہمزاد خط

ردیف عین مہملہ

ایک شب جو تیری محفل مین پائی بار شمع
رات جو دیکھا ترے رخسار آتشناک کو
ساقِ جاناں سے جو کی ہمسری اس جرم پر

صبح ہوتے ہوتے ہو تا رشتہ زار شمع
کھا کے غش گر گر پڑی محفل مین سو سو بار شمع
لگی رہتی ہر دکانون مین سر بازار شمع

ردیف غین معجمہ

ردیف فا

دل تو کہتا ہے کہ چل کوچۂ جانان کیطرف
حکمِ وحشت یہ ہے کر عزمِ بیابان کیطرف

ایسی نفرت ہے اگر خاک بھی ہو جاؤں نہیں
اوڑ کے جاؤں کبھی کوچۂ جانان کیطرف

گلعذارو یہ ہوئی تمسے مجھے بیزاری
آنکھ اٹھا کر کبھی دیکھوں نہ گلستان کیطرف

خشک ہو جای خدایا وہیں شانے کیطرح
ہاتھ جاے جو مرا کاکلِ پیچان کیطرف

کور ہو جاؤں نظر آئے نہ پھر کوئی شے
جاے گر میری نگہ عارضِ تابان کیطرف

پھونچوں گلزار جہان سے کہیں جنت کو شتاب
دیکھوں جز حور نہ میں چہرۂ انسان کیطرف

جادہ ہو جائے مرے پاؤں میں زنجیرِ جنون
گر اوٹھاؤں میں قدم کوئی حسینان کیطرف

استعدر رنج امارد سے اوٹھائے میں نے
کہ نہ فردوس میں دیکھوں کبھی غلمان کیطرف

شاعر اکثر دہنِ یار اوسے کہتے ہیں
جاؤں اے خضر نہ میں چشمۂ حیوان کیطرف

آنجائے کہیں اوس روئے کتابی کا خیال
خواب میں بھی کبھی میں دیکھوں نہ قرآن کیطرف

اوس پریرو کی نہ محفل میں کبھی جاونگا
لیچل اے جوشِ جنون گوشۂ زندان کیطرف

لعل و گوہر میں مرے لختِ دل و اشک مجھے
کیوں نظر جاے کسیکی لب و دندان کیطرف

ہٹ گیا ہے یہ کسی گیسو و رخسار سے دل
کہ کبھی رخ نہ کروں گبر و مسلمان کیطرف

ہر قرہ خار مری آنکھوں میں ہو جائے وہیں
گر میں دیکھوں کسی محبوب کی مژگان کیطرف

قبض ہو جای مری روح بھی لو سیف کیطرح
دھیان آئے جو ترے سیبِ زنخدان کیطرف

ضعف سے طاقتِ رفتار نہیں ہے ناسخ
دیکھوں حسرت سے نہ کیوں خارِ بیابان کیطرف

خوب سا روندا آج میری قبر کو اے شہسوار
پھول جھڑتے ہیں نہیں نعلِ سمِ توسن میں آگ

اسقدر آتش قدم دیکھا نہیں اے شہسوار
کیا عجب گر نعل ہو جاے سمِ توسن میں آگ

آسمان پہونچا نہیں سکتا حسینوں کو ضرر
لب لگا سکتی ہی بجلی ماہ کے خرمن میں آگ

رطب و یابس ہیں حقیقت میں نہیں کرتی ہیں فرق
پھول ہے گلشن میں جو شے ہے وہی گلخن میں آگ

میرے آنکھوں سے اگر لختِ دلِ سوزاں گرے
بولے ہمدم دیکھیے ہے آپکے دامن میں آگ

ہو شرر گر دست سی بھی ہو زیادہ اختلاط
شبہہ ہو اسمیں تو دیکھو ڈالکر روغن میں آگ

کیا اثر پھیلا ہے تیرے روے آتشناک کا
صورتِ مجمر ہے دیوار ونکی ہر روزن میں آگ

شمع ہے اسمیں خیالِ عارضِ پر نور کا
لب برنگِ طور ہے اپنے دلِ روشن میں آگ

اسقدر سوزش ہے اے جراح میرے زخم میں
لگ اوٹھیگی دم میں تنکے کیطرح سوزن میں آگ

دشتِ غربت جل رہا ہے میری برقِ آہ سے
لگ اوٹھی تھی جسطرح وادی ایمن میں آگ

جل اوٹھا میرا دلِ پر داغ پیتے ہی شراب
ساقیا پانی ہوا ہے یار اس گلشن میں آگ

لوحِ سنگین کھتی ہے خاکِ سیہ ہو شعلۂ طور
اسطرح ہے تیرے داغوں کی مرے مدفن میں آگ

جب جلی ہولی تو ناسخ ہمنے مانگی یہ دعا
یا الٰہی یوہیں بھڑکے سینۂ دشمن میں آگ

اب کی ہولی میں رہا بیکار رنگ
اور ہی لایا فراقِ یار رنگ

سرخرو کر دے شراب آئی بہار
ہے خزاں سے زرد اسے خمار رنگ

ہو تمہارا دے سبز خط آنکھیں سیاہ
چہرہ کا سرخ و سفید اے یار رنگ

ولہ

ولہ

ہوتے ہین تیرے آگے گل سرخ یاسمین
گھٹا ہے مارے شرم کے بے اختیار رنگ

تجھ مین جو رنگ و بو ہے کہان ہے وہ یاسمین
قربان تجھ پہ نکہتِ گل ہے نثار رنگ

یاد آ گئین شباب کی رنگین مزاجیان
جب شام کو شفق کا ہوا آشکار رنگ

سُرخ و سفید و رُخ ہے سیہ چشم خط سبز
آتے ہین ایک گل مین نظر مجکو چار رنگ

رہنے نہ دے اثر مرے رنگِ شکستہ کا
مانی بھرے شبیہ مین گر لاکھ بار رنگ

آنکھین جو روتے روتے مری لال ہو گئین
ہنسکر وہ بولے واہ ہے کیا ابدار رنگ

اے رشک سرو کہتے ہین مانند فاختہ
خاکستری لباس کا ہم خاکسار رنگ

اوس گل کی کیا کہون مین تلوّن مزاجیان
ہوتے ہین ایک نگسے پیدا ہزار رنگ

اشکون کی شست و شوے سیاہی نہ کم ہوئی
کیا نسبت رکھتی ہین مری شبہاے تار رنگ

جسد نسیم ہے گلال اڑانیکا تجکو شوق
تیرے شہیدِ ناز کا لایا غبار رنگ

گہ سُرخ گاہ زرد کبھی ہے سفید آہ
پاتا نہین کوئی مرے منہ پر قرار رنگ

یاد آ گئی ہے ہمکو رگِ گل سی وہ کمر
اے رشکِ خون ہماری گریبانکی تار رنگ

ناسخ ہے میر مسلہ اللہ کی زمین
اک معنی شگفتہ کو باندھا ہزار رنگ

کل تک وہ ہمکنار تھے مجسے کنار گنگ
ہے آج سیل اشک مرا ہمکنار گنگ

کب لکھنؤ سا شہر ہے کوئی کنار گنگ
ملجائے گومتی مین تو ہو افتخار گنگ

دن بھر جو پھول بیچتے ہین تو رات بھر چراغ
فردوس مین بھی یاد رہیگی بہار گنگ

ردیف لام

ہے بجا گر وہ سہی قد جام مے لیتا نہین		گلشن عالم مین کب ہر سرکو بروے گل

داغ حسرت دل مین ہین لخت جگر آنکھو نمین ہین
گلشن ہستی مین اے ناسخ یہ ہمنے پائی گل

ادھر آئی اودھر گئی شب وصل	نہین آئی مجھے نظر شب وصل
ہے بپا گوشش یار کا شکوہ	شام سے ہو گئی سحر شب وصل
کوس رحلت ہماری روح کو ہے	آج نقارۂ سحر شب وصل
تا شب تار گور صبح نہو	رہے اب یوہین عمر بھر شب وصل
عیش کم غم بہت ہی دنیا مین	کیا عجب ہو جو مختصر شب وصل
عشسج بھی ساتھ ہے نظر آئی	خواب مین دیکھی ہے اگر شب وصل
دیکھنا روز زندگانی کو	مختصر کب ہے اسقدر شب وصل
بے تکلف مثال زلف و غدا	صبح کے ساتھ آئی ہر شب وصل
شب ہجر اسکے خواب مین وہ صنم	مجھسے کہتا ہے یاد کر شب وصل
شب مدفن سے وصل ہو جائے	رہے اب میری زیست بھر شب وصل
اڑ گئی میری مرغ جان کیطرح	گو نہین رکھتی بال و پر شب وصل
جانب روز ہجر دوڑا ہون	ساحل گنگ چھوڑ کر شب وصل
صد شب صبح سے نجات ملی	کر گئی مجکو بے خبر شب وصل
کیا شب ہجر تھی درازی مین	کوتہی مین ہے جسقدر شب وصل

ولہ

شنگرانِ آسمان کے قول کر دیگی بات	رفتہ رفتہ ایکدن آہِ فلک فرسا دل
یاد آیا مجکو مجنون آپ مجنون ہوگیا	دامنِ صحرا سے بھڑکی آتشِ سودا دل

ولہ

گل کر دیا جو اوس گل تر نے چراغِ گل	ڈھونڈھا چراغ لیکے نپایا چراغِ گل
زر دار سب ہین نشۂ عشرت سے بدنصیب	لبریز ہو شراب سے کیونکر ایاغِ گل
سنے زبانِ موجِ ہوا سے سنی یہ بات	مانند داغِ لالہ زرِ گل ہے داغِ گل
اوس گل کی بو جو باغ مین کل لیگئی نسیم	ہر موجِ بوی گل ہوئی بوی دماغِ گل
دشمن سے بھی نہین ہو حسینونکو کچھ ضرر	رہتے ہین اب دباؤ مین دشمن چراغِ گل
اے رشکِ گل خزان مین جو کرتی ہے جستجو	پاتی ہے تیری کفش مین بلبل سراغِ گل
بلبل شرابِ عیش سے کیا بدنصیب ہے	ٹوٹا ہوا ہے روزِ ازل سے ایاغِ گل
ملتا نہین خزان مین کہین جسم وش سے گل	ملتا نہین بہار مین بلبل دماغِ گل
طاؤس دیکھے بلبلِ شیدا کا حوصلہ	دل مین برنگِ غنچۂ لالہ ہو داغِ گل
اکثر دہان خزان ہو ہمیشہ جہان بہار	دل باغ باغ عشق ہو بلبل وہ باغِ گل

ناسخ شراب پی شبِ تاریک ہو تو ہو
روشن ہین صحنِ باغ مین ہر سو چراغِ گل

ردیف میم

واعظا مسجد سے اب جاتے ہین میخانہ کو ہم	پھینک کر ظرفِ وضو لیتے ہین پیمانہ کو ہم

[illegible]

آدمیت ہو تو کیا زلفِ سیہ فام سے کام
دیکھ لے جانوروں کو ہے دلا دام سے کام

اوسکے رخ کو جو نہیں زلفِ سیہ فام سے کام
اپنی بھی روزِ جدائی کو نہیں شام سے کام

ہجر میں ایک سی ہے حالت و بیداری و خواب
سانس کی طرح نہیں جام کو آرام سے کام

قاعدہ کیا کہوں جو حال ہے میرے دل کا
خط سے آنکھوں کو غرض کانوں کو پیغام سے کام

مجکو سودائی بنایا ہے دکھا کر آنکھیں
تم دھتورے کا لیا کرتے ہو بادام سے کام

چشم ساقی سے نہیں عشق ہے میرے دلکو
کون شیشہ ہے بھلا جسکو نہیں جام سے کام

عہدِ پیری میں نہیں داغ محبت درکار
ہے دلا کیا مجھے خورشیدِ لبِ بام سے کام

باتیں کانوں ہی سنیں آنکھوں سے صورت دیکھی
اب نہ خط سے مجھے مطلب ہے نہ پیغام سے کام

ردیف نون

